Total no of Pages:8

Class: X

Post Mid Term Examination:2024-25

Subject: Urdu (Code 303)

Marking Scheme

Maximum Marks: 80

Set: A

کل صفحات ۔ ۸

(اردو کورس ۔ بی)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات کے جواب ہر حصہ میں موجود ہدایت کے مطابق تحریر کیجئے ۔

حصہ - الف: عبارت فہمی اور شعر فہمی ۲۰ نمبر

سوال نمبر۱: مندرج ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے؟۵

ہندوستان میں پہلا اخبار۱۷۴۴ میں انڈیا گزٹ کے نام سے شایع ہوا تھا۔ اس کی مقبولیت کو دیکھ کر بنگال میں کچھ اور بھی اخبارات شایع ہونے لگے تھے ۔ یہ دیکھ کر لارڈ لٹن نے ہندوستانی زبان میں اخبارات نکالنے پر پابندی عاید کر دی ۔ بعد میں لارڈ رپن نے اس پابندی کو ختم کر دیا۔ اخبارات عوام میں سیاسی شعور، رائے عامہ کی تشکیل اور معلومات میں ہونے والے واقعات حادثات ، سیاسی نظریات، صنعتی اقدامات، سائنسی ایجادات اور موسمیات وغیرہ کی تازہ ترین اطلاعات ملتی رہتی ہے ۔ جیسے جیسے لوگوں میں تعلیمی شعور اور کاروبار کا شوق بڑھتا جا رہا ہے، ویسے ویسے دنیا کی مختلف زبانوں میں اخبارات کی اشاعت بڑھتی جا رہی ہے ۔ سوشل میڈیا کے اس دور میں بھی اخبارات کی اہمیت و معنویت میں کوی خاص کمی نہیں آی ہے ۔ اخبار بینی سے مختلف ممالک کے باشندوں میں ایک دوسرے سے قربت، ہمدردی، اور خلوص کا جزبہ پیدا ہوتا ہے ۔ اسی لیے اخبار کو ادیب دوست کہا جاتا ہے ۔

i۔ ہندوستان کا پہلا اخبار کب شایع ہوا؟

(د)۱۷۴۴

ii۔ اخبار کس نام سے شایع ہوا تھا؟

(ب)انڈیا گزٹ

iii ۔اخبار کی اشاعت پر کس نے پابندی لگای؟

(ج) لارڈ لٹن

iv-کس نے پابندی ختم کر دی؟

(ب)لارڈین نے

v-اخبار بینی کے کیا معنی ہیں؟

(ب)اخبار پڑھنا

سوال نمبر۲: مندرج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے- ۵

یارب رہے سلامت ہندوستان ہمارا
پھلے پھولے ہمیشہ گلستان ہمارا
گنگ وجمن، ہمالہ ،کشمیر، اتراکھنڈ
ہے کتنا خوبصورت یہ گلستان ہمارا
بچوں کے سر پہ رکھا ماں کا ہو جیسے آنچل
امن واماں کا ٹھنڈا یہ سائباں ہمارا
بڑھتا رہے گا یوں ہی تو دیکھ لینا
گوتم کا گاندھی کا ہندوستان ہمارا

i- ہندوستان کو کیا کہا گیا ہے؟

ii- گلستاں

ii-اس نظم میں شاعر کس سے مخاطب ہے؟

iii- گلستان سے

iii-اتراکھنڈ کے علاوہ کس مشہور علاقے کا ذکر ہوا ہے؟

i-کشمیر

iv- سایباں کی مثال کس چیز سے دی گئی ہے؟

ii-امن وامان

v- اس نظم میں گاندھی جی کے علاوہ کس مشہور شخصیت کا ذکر ہوا ہے؟

iv - گوتھم بدھ

سوال نمبر۳: درجہ ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھے ؟۵

بابا فرید کے والد کا نام جمال الدین تھا۔ بابا فرید کے والد بھی تعلیم یافتہ اور سچے مسلمان تھے ۔ابتدای تعلیم انھوں نے اپنے والدین سے حاصل کی ۔ ان کی والدہ ایک صوفی خاتون تھیں ۔انہوں نے بچپن سے ہی ننھے فرید کو خدا پرست لوگوں اور اولیاء اللہ کے بارے میں بتایا اس لیے آپ لڑکپن سے صوفیوں سے متاثر ہونے لگے ۔نوجوانی میں آپ کی ملاقات حضرت بختیار کاکی رح سے ہوی ۔آپ کے دل میں ان کے مرید ہونے کی شدید خواہش پیدا ہوی ۔اسی لیے آپ دہلی آکر ان کے ساتھ رہنے لگے ۔ حضرت قطب الدین بختیار کاکی رح نے آپ کو مرید کرلیا ۔اور مزید علم حاصل کرنے کی ہدایت کی چنانچہ آپ نے ملتان کے مدرسے میں تعلیم حاصل کی ۔ پھر اعلی تعلیم کے لیے قندھار چلے گیے واپس آکر اپنے پیر حضرت بختیار کاکی رح سے روحانی تربیت حاصل کی ۔

۱۔ بابا فرید ؒ نے ابتدای تعلیم کہاں سے حاصل کی؟۱

iv -والدین سے

۲۔ بابا فرید ؒ کے والد کا نام کیا تھا؟۱

i-جمال الدین

۳۔ ننھے فرید کو خدا پرست لوگوں اور اولیاء اللہ کے بارے میں کس نے بتایا؟۱

ii-ان کی والدہ نے

۴۔ قطب الدین بختیار کاکی ء کہاں کے رہنے والے تھے؟۱

iii-دہلی

۵۔ بابافرید نے اپنے پیر صاحب کی ہدایت پر کہاں کے مدرسے میں تعلیم حاصل کی؟۱

ملتان اور قندھار کے مدرسوں میں تعلیم حاصل کی۔

(ب)

سوال نمبر۴: درجہ ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے؟۵

تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا
کیسی زمیں بنائی کیا آسماں بنایا
مٹی سے بیل بوٹے کیا خوشنما اگاے
پہنا کے سبز خلعت ان کو جواں بنایا
سورج سے ہم نے پائی گرمی بھی روشنی بھی
کیا خوب چشمہ تو نے اے مہرباں بنایا
یہ پیاری پیاری چڑیاں پھرتی ہیں جو چہکتی
قدرت نے تیری ان کو تسبیح خواں بنایا

رحمت سے تیری کیا کیا ہیں نعمتیں میسر
ان نعمتوں کا تجھ کو ہے قدر دان بنایا

۱۔ اس دنیا کی تخلیق کس نے کی ؟
خدا نے اس دنیا کی تخلیق کی۔
۲۔ خدا نے مٹی سے کیا اگائے؟
خدا نے مٹی سے پیڑ پودے اور طرح طرح کی نعمتیں پیدا کیں۔
۳۔ پیاری پیاری چڑیاں کس کی تسبیح بیان کرتی ہیں ؟
چڑیا خدا کی پاکی بیان کرتی ہیں۔
۴۔ خوشما، کے کیا معنی ہیں ؟
دل کو اچھا لگنے والا
۵۔ اس نظم میں کس کی تعریف کی گئی ہے ؟
خدا کی

حصہ (ب) تحریری مہارت-Writing Skills

Part-B (25Marks)

سوال نمبر۵: نیچے لکھے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے؟ ۱۰

تندرستی ہزار نعمت ہے۔

جواب: تعارف / تمہید، نفس مضمون، انداز بیان، اختتام

سوال نمبر۶: کتابیں منگوانے کے لیے بک سیلر کے نام ایک خط لکھیے: -۵

جواب۔ نیشنل بک ڈپو؛

اردو بازار جامع مسجد دلی-6

مورخہ - ۲، نومبر ۲۰۲۴ء

مکرمی تسلیم!

براہ مہربانی مندرجہ ذیل کتابیں بذریعہ وی-پی روانہ فرمائیے۔ نوازش ہوگی۔ اپنا پتہ لکھ رہا ہوں۔

1- پاپولر جغرافیہ۔۔۔۔۔تین کاپیاں

2- جان پہچان حصہ ۵۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دو عدد کل اعداد: ۵

عرض نیاز مند-جبران احمد، جامعہ نگر۔ نئی دہلی

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل کو دو دنوں کی چھٹی کے لیے درخواست لکھیے ؟

جواب بخدمت جناب پرنسپل صاحب

دہلی پبلک اسکول متھورا روڈ دلی ،۳

جناب عالی!

عرض گزارش یہ ہے کہ میرے بڑے بھائی کی شادی ہے اور بارات لکھنو جائے گی۔ اس لئے حضور والا سے درخواست کرتا ہوں کہ رخصت تین یوم کی (۲۰-جون تا ۲۲ جون ۲۰۲۴ء تک مرحمت فرمائی جائے۔

جناب کی عین نوازش ہوگی۔ شکریا

آپ کا طالب علم

مختار عباس

تاریخ :۱۹-جون ۲۰۲۴ء

سوال نمبر۷: حبیب تنویر کا تعارف کراتے ہوے ان کی مشہور تصنیفات کا ذکر کیجیے؟-۵

جواب- ۱۹۲۳-۲۰۰۹ حبیب تنویر کا اصل نام حبیب احمد خان تنویر تخلص ہے ادبی اور ثقافتی دنیا میں وہ حبیب تنویر کے نام سے جانے جاتے تھے ناگپور یونیورسٹی سے بی اے کرنے کے بعد ال انڈیا میں ملازم ہو گئے ابتدا میں انہوں نے فلمی گیت اور مکالمے لکھے ہندوستانی تھیٹر میں شامل ہو گئے لندن اور جرمنی میں ڈرامے کی تکنیک پر مہارت حاصل کی انہوں نے بہت سے اردو ڈرامے لکھے جنہیں بہت سے مشرقی اور مغربی ملکوں میں اسٹیج کیا گیا ان میں سات پیسے ،چرن داس چور، ہرماں کی کہانی، اگرہ بازار، شاجاپور کی شانتی بای، مٹی کی گاڑی، اور میرے بعد، بہت مشہور ہوئے ان کا ایک بڑا کارنامہ یہ بھی ہے کہ انہوں نے اپنے ڈراموں کے ذریعے چھتیس گڑھ کے لوک کلاکاروں کو قومی سطح پر روشناس کرایا حبیب تنویر کو قومی اور بین القوامی سطح پر کئی

اعزازات سے نوازا گیا ہے حکومت فرانس سے ان کو اپنی سوانح حیات لکھنے کے لیے اسکالر شپ دینے کا اعلان کیا ہے اپنی زندگی کے آخری ایام تک وہ اسے قلم بند کرنے میں مصروف تھے -ہندی بنگالی مراٹھی اور یورپ کی کئی زبانوں میں ان کے ڈرامے ترجمہ ہو چکے ہیں -

نظم ۔ اے شریف انسانوں کا مرکزی خیال پیش کیجیے ؟

جواب -اس نظم میں شاعر نے امن عالم کو موضوع بنایا ہے اور بتایا ہے کہ جنگ کسی بھی مسئلے کا حل نہیں بلکہ جنگ تو ڈھیر سارے مسئلے پیدا کرتی ہے اس لیے جہاں تک ممکن ہو جنگ سے بچنا چاہیے جنگ مشرق میں ہو یا مغرب میں اس سے امن عالم مجروح ہوتا ہے جن سے کوئی حل نہیں نکلتا بلکہ جنگ تو بے شمار مسائل لے کر آتی ہے اس لیے جہاں تک ہو سکے جنگ کو ٹالا ہی جائے تو بہتر ہے ۔

حصہ (ج) عملی قواعد - Grammar

Part-C (20Marks)

سوال نمبر۹: درجہ ذیل میں سے صرف آٹھ سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے :

(i): نیچے دیے ہوے لفظوں میں مزکر اور مونث چھانٹ کر لکھیے ؟۲

(i) درزن

(ii) واحد کی پہچان کیجیے ؟ ۲

(iii) اشتہار

(iii) گلفام کل جرمنی پہنچ گیا، یہ فعل کی کون سی قسم ہے ؟۲

(a) فعل ماضی

(iv) غریبوں میں کھانا تقسیم کیا گیا، یہ فعل کی کون سی قسم ہے ؟۲

(a) فعل معروف

(v) درج ذیل الفاظ میں سے کس میں لاحقہ، استعمال ہوا ہے ؟۲

(a) انگیز

(vi) ذیل میں دیے الفاظ کے مترادف الفاظ بنایں ؟۲

(I) ظلم - (ii) -آب

جواب - ستم -تاب

(vii) نیچے لکھے ہوے لفظوں کے متضاد لکھیے ۲

(i) جدید۔ (ii) مغرب

جواب -قدیم - مشرق

(viii) درج ذیل میں سے مونث کی پہچان کیجیے ؟۲

جواب (iv) کرسی

سوال نمبر۱۰: درجہ ذیل الفاظ محاوروں اور کہاوتوں کو جملوں میں استعمال کیجیے ؟۴

(i) جیسی کرنی ویسی بھرنی - تم جیسا کروگے ویسا ہی تمہارے ساتھ ہوگا اچھے کے ساتھ اچھا اور برے کے ساتھ برا یعنی جیسی کرنی ویسی بھرنی۔

(ii) بول بالا ہونا -آج کل سیاستدانوں کا بول بالا ہے۔

(iii) مان رکھنا - ہم نے جنید کی بات کا مان رکھا۔

(iv) پاوں اکھڑنا -رضیہ کی فوج بہت دلیری سے لڑی پر آخر کار اسکے پاوں اکھر گیے۔

حصہ ۔(د) ادب Literature

Part - D (15 Marks)

سوال نمبر۱۱: مندرج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے -۶

i-تخت نشینی کے بعد رضیہ نے کیا عہد کیا ؟

جواب :اس نے عہد کیا کہ وہ عوام کی بھلای اور سلطنت کی ترقی کے لیے کام کرتی رہے گی ۔ اور اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھے گی جب تک یہ ثابت نہ کر دے کہ وہ مردوں سے کم نہیں ۔

(ii): مرزا غالب کے کلام کی دو خصوصیات تحریر کیجیے ؟

جواب :غالب نے مقفع کو موسیح بنا دیا۔ اردو خطوط نگاری میں غالب کا بڑا کردار ہے ۔

iii-تھیکرے نے اپنے کردار کی بے تکلفی کا ذکر کس طرح کیا ہے ؟

جواب : تھیکرے اپنے ایک کردار کے متعلق یہ بتاتا ہے کہ جب بھی وہ اپنے ایک دوست کے پاس ٹھہرتے تو جاتے وقت ان کی ایک قمیض ادھار لے جاتے کہ کچھ دنوں بعد واپس کر جاوں گا،یہ کہ کر رفو چکر ہو جاتے ۔

سوال نمبر۱۲: مندرج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے - ۲

(i) پرانے زمانے کی تین بڑی یونیورسٹیوں کے نام لکھیے؟

جواب۔ تکشیلا، نالندہ، اور وکرم شیلا پرانے زمانے کی تین بڑی یونیورسٹیاں تھیں۔

(ii) دادا صاحب کی فلم میں سب سے پہلے عورتوں کا کردار کس نے ادا کیا؟

جواب۔ سولنکی نے

سوال نمبر۱۳: مندرج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے۔۴

(i) سعادت علی کو انگریزوں نے تخت پر کیوں بٹھایا؟

جواب: سعادت علی آصف الدولہ کا بھائی تھا سعادت علی انگریزوں کا دوست تھا اسی لیے انہوں نے سعادت علی کو اودھ کے تخت پر بٹھایا سعادت علی عیش پسند آدمی تھا اس نے اپنی آدھی مملکت اور 10 لاکھ روپے حکومت کے بدلے پہلے انگریزوں کو دیے تھے۔

(ii) بے تکلفی سے کیا پریشانی ہوتی ہے؟

جواب بے تکلف وقت بے وقت ایسی حرکتیں کر جاتے ہیں جن سے دوسروں کے سامنے شرمندہ ہونا پڑتا ہے۔ اور دوسرے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ صاحب بھی ایسے ہی بدتمیز ہوں گے جب ہی تو یہ بلا کسی جھجک یہ گفتگو اور یہ حرکتیں کر رہے ہیں۔

سوال نمبر۱۴: درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے ؟۳

(i) بابا فرید کے پیرومرشد کون تھے؟

جواب۔ حضرت قطب الدین بختیار کاکی رحمت اللہ۔

(ii) ڈایری لکھنے کو اردو میں کیا کہتے ہیں؟

جواب۔ روز نامچہ

(iii) نصاب میں شامل نظیر اکبرآبادی، کی نظم کا نام لکھیے؟

جواب۔ نیکی اور بدی